وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ

حاشیہ جدیدہ و مضامین مفیدہ ،

تحفہ نصائح فارسی

حاشیہ اردو

مصنف

حضرت مولانا محمد یوسف رحمۃ اللہ علیہ

خلیفہ مجاز حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

عبد التواب اکیڈمی بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

حسبِ فرمائش

شیخ الحدیث علامہ مولانا محمد افضل خان صاحب اعظمی قادری،

مہتمم دار العلوم محمدیہ فریدیہ انوار الاسلام لودھراں (ملتان)

تحفۂ نصائح

مصنف

حضرت مولانا محمد یوسف صاحب رحمۃ اللہ علیہ

خلیفہ مجاز حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

محشی

حضرت مولانا محمد احمد صاحب سعیدی صدر مدرس مدرسہ عربیہ سیرانیہ کاظمیہ خانقاہ شریف

نظرِ ثانی:۔ مولانا محمد کلیم اللہ صاحب نوری رضوی۔ کوچھی والا تحصیل لودھراں

ناشر

عبد التواب اکیڈمی

بیرون بوہڑ گیٹ۔ ملتان

قیمت:۔ روپے

فہرست ابواب تحفہ نصائح معہ سرخیہائے دیگر

الحمد للہ حمداً کثیراً والشکر لہٗ بکرۃً واصیلاً والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہٖ کثیراً کثیراً اما بعد ہر علم کے شروع کرنے سے پہلے تین چیزوں کا جاننا ضروری ہے۔ تعریف موضوع۔ غرض و غایۃ علم فارسی کی تعریف یہ ہے کہ فارسی وہ علم ہے جس کے قوانین ذہن نشین کر لے سے فارسی زبان کے لکھنے پڑھنے بولنے کی مہارت پیدا ہو جائے موضوع کلمہ اور کلام۔ غرض و غایۃ فارسی لغت میں پڑھنے لکھنے کی مہارت حاصل کرنا

ا‌ے قولہٗ حمد سے حمد اور مدح مترادف ہیں بمعنی تعریف معلق بضم میم و فتح لام مشدد بمعنی لٹکا ہوا۔ اختران جمع اختر بمعنی ستارہ اور ایک فرشتے کا نام ہے جو دنیا میں پھرتا رہتا ہے اور آمین آمین کہتا رہتا ہے جس کی دعا اس کی آمین کے وقت واقع ہو وہ جلدی قبول ہوتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

در تحمید باری تعالےٰ اعز اسمہٗ

بمعنی حمد

حمد ے بگویم بیعدد مر خالقِ جن و بشر
کردہ معلّق آسمان ہم اختران شمس و قمر
عظمٰے بدادہ عرش را پُر دز پا لیش طائرے
چوں برق سالے چار صد آنگہ رسد پایہ دگر
ہم آفریدہ جنتے کش عرض و طولست آنچناں
ہفت از طبق ارض و سما پیشش چو قبہ بر سپر
دنیا و جملہ آسماں ہمچوں مدوّر بیضہ
بر پاست بے تکیہ ستوں دائم بدار د در نظر
دریا و لبہا جوئے ہا کردہ رواں روئے زمین
اشجار پُر از میوہ ہا روید زمین شہد و شکر

عظمٰی بضم عین بزرگی و بلندی۔ عرش اعظم اتنا بلند ہے کہ اس کے چار رکن ہیں اور ہر رکن کے تین ہزار ساٹھ پائے ہیں (شرح) پایہ سیڑھی مراد ہے۔ آفریدہ بفاء موقوف پیدا کیا ہوا کش دراصل کہ اش تھا

۲ے عرض چوڑائی طول لمبائی قال اللہ تعالیٰ وجنۃ عرضھا السمٰوٰت والارض پ۴ طبق بفتحتین موافق و برابر لیکن یہاں مراد زمین و آسمان کے سات طبق (تہہ و درجات) ہیں قال اللہ تعالیٰ الذی خلق سبع سمٰوٰت طباقاً ۃ پ۲۹

۳ے سپر بکسر سین و فتح بار فارسی بمعنی ڈھال مدور گول بیضہ بفتح بار انڈا اور خود جو فوجی سر پر رکھتے ہیں۔ ستون بضمتین پیلپایہ سرائیکی میں کھنبہ کہتے ہیں۔

۴ے لبیا بروزن دریا بمعنی نہر لیکن یہاں لبیا سے مراد بڑی نہریں اور جوئی سے مراد چھوٹی نہریں ہیں۔ روئے زمین میدان زمین ۱۲

(فقیر محمد احمد سعیدی عفرلہٗ)

مردہ[1] اراضی جملگی زندہ کند از قطرہ ہا
از خشک میدان یکزمان ہم لعل بینی ہم خضر
سیّارگان چون شمعہا کردہ ضیا از مہر خود
روشن مزین شد سما از بہر خلقے راہبر
تسبیح[2] گویان عالمی نامی بود خاہی جماد
شایانِ این نعمت ہمہ از لطف رب بحر و بر
چیزیکہ باشد در جہان آنچیز گوید ذکر حق
تسبیح گوید ہر یکے نامی بود خواہی حجر
لیکن نمی فہمد کسے تسبیح ہر یک در جہاں
مگر آنکہ رب العالمین دارد بایں ہر یک خبر

[1] مردہ ویران قطرہ ھا بارش قولہ تعالیٰ وانزلنا من السماء ماء فاحیا بہ الارض بعد موتہا۔ لعل بفتح اول وسکون ثانی معرب ہے لال کا بمعنی سرخ اور بمعنی جوہر بھی آتا ہے۔ خضر بفتح خاء وکسر ضاد بمعنی سبز اور بکسر اول یہ ایک نبی ہیں یا ولی (علی احد القولین) کا نام ہے مزین بضم میم وفتح زاء یار مفتوحہ مع التشدید بمعنی آراستہ کیا ہوا اور بکسر یار مشددہ بمعنی حجام

[2] تسبیح قولہ تعالیٰ وان من شیئ الا یسبح بحمدہ۔ نامی نباتات جماد جمادات سے ہر گیاہی کہ از زمین روید تسبیح وحدہ لاشریک لہ گوید راہبر چنانچہ مغرب کے بعض علاقوں میں رات کو ستاروں کی راہبری سے سفر کرتے ہیں۔ ہر یکے یعنی ہر چیز اللہ کا ذکر کرتی ہے کوئی زبان قال سے کوئی زبان حال سے لیکن لوگ نہیں سمجھ سکتے۔ چنانچہ فرمایا ولکن لاتفقہون تسبیحہم ۱۲۔

در نعت حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

گویم درود[3] دُر فشان بر روح خاص مرسلان
آن نورِ عرش و آسمان سلطان جملہ بحر و بر
شاہِ جہان آن مصطفیٰ سلطان جملہ انبیاء
بہر شفاعت[4] ہمگنان روز جزا بند کمر

[3] درود بضمتین درود موصوف اور درفشاں صفت ہے یعنی اعلیٰ واجل مدح وثنا۔ نور قال علیہ السلام اول ما خلق اللہ نوری مدارج ج ۲ ص ۔ شہاب الثاقب صـ۱۲ شاہ ـــ وکلہم من رسول اللہ ملتمس غرفا من البحر اور شفا من الدیم۔

[4] شفاعت قال علیہ السلام شفاعتی لاھل الکبائر من امتی ہمگناں تمامی کیونکہ قیامت کے میدان میں ہر نبی کہے گا یارب نفسی یارب نفسی لیکن ہمارے مشکل کشا نبی یارب امتی امتی فرمائیں گے۔ کسی نے کیا خوب فرمایا۔

فردوس میں نبی ہمارا نہ جائے گا
جب تک ایک ایک امتی بخشا نہ جائیگا
دوزخ میں میں تو کیا میرا سایہ نہ جائیگا
کیونکہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے دیکھا نہ جائیگا

لولاک[1] چتری بر سرش چون چاوشان[2] پیشش رسل
تا او نباید در جهان جملہ رسل باشد بدر

شاہی ندیدم در جہان از قاف[3] تا ہم قیروان
نے در زمین نے در سما چون مصطفیٰ باشد دگر

جملہ رسل اندر زمین کردند پیدا معجزہ[4]
دو نیم شد مہ در سما بر وے چو کرد او یک نظر

رایات او ماحی شدہ جملہ رسوم کفر را
آیات او دیدند چون جملہ عرب گشتہ مقر

[1] لولاک قال اللہ تعالیٰ لولاک لما اظہرت الربوبیۃ۔ اے نبی اگر آپ کا ظہور ہم نہ چاہتے تو کوئی چیز وجود میں نہ آتی بلکہ ہماری طرف سے اظہار خداوندی بھی متصور نہ ہوتا۔

[2] چاوشان جمع چاوش بمعنی نقیب و نگہبانان یہاں مراد نوکران شاہ ہے پیشش ای پیش مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

[3] قاف ایک پہاڑ کا نام ہے جو تمام عالم کے گرداگرد ہے۔ قیروان بفتح قاف وضم راء افریقہ کے ایک ملک کا نام ہے۔ قال اللہ تعالیٰ وما ارسلنٰک الا کافۃ للناس۔

[4] معجزہ بالضم وجیم مکسورہ وہ کام جو خلاف عادت ہو اگر نبی سے ظاہر ہو تو اسے معجزہ اگر ولی سے ظاہر ہو تو کرامت اگر کافر سے ظاہر ہو تو استدراج کہتے ہیں۔

فائدہ۔ معجزہ کا معنی ہے عاجز کرنے والا کیونکہ اس سے فہم عاجز ہو جاتا ہے اس لئے اسے معجزہ کہتے ہیں۔ رایات۔ جمع رایت بمعنی جھنڈا۔ آیات نشانیاں مراد معجزات ہیں ماحی مٹانے والا۔ مقر اقرار کرنے والے۔

دگرست

آفاقہا گردیدہ ام
مہر بتان ورزیدہ ام
بسیار خوباں دیدہ ام
لیکن تو چیزے دیگری

در مدح شیخ نصیر الدین محمود چراغ[5] اولیاء دہلوی، قدس سرہٗ

شیخ معظم پیر ما محمود آن صاحب قران
چون او نباشد ہیچکس ہم محتشم ہم مشتہر

عالم بعلمے ہمچو او ہرگز ندیدم مردمے (آدمی)
اندر کرامت مثل او خیزد کجا دور قمر[6]

او بود شیخ مقتدا او را جہانے مقتدے (اس کا بے حد مقتدی)
گشتند اعمیٰ سالکان چون رفت آن صاحب نظر

(اندھا)

[5] چراغ، چراغ دہلوی کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ بوقت ضرورت آپ کے حکم سے مرید چراغ میں تیل کی بجائے پانی استعمال کرتے تھے۔

(شرح) قران بالکسر بمعنی نزدیکی اور وہ وقت جب زہرہ و مشتری ایک برج میں جمع ہوں جو شخص اس وقت پیدا ہو اسے صاحب قران کہتے ہیں یہاں مراد سعادتمندی ہے۔

[6] دور قمر زمانہ سالکاں راہ طریقت پر چلنے والے خوش وقت خوش قسمت۔

دارد تمنّا عالمے خاکِ درش سرمہ کند
خوش وقت آن صاحبدلان گشتند اوراپے سپر[1]

اے شیخ مخدوم جہان مارا بخواہی از خدا
تا رستہ گردم از عنا[1] یابم بجنت کشک زر

بیان حال خود دعائے فرزند و سخنے چند در نصیحت

گوید ہمی یوسف[2] گدا در وعظ سخنے چند را
از بہر خلف خوش لقا بوالفتح آن نور البصر

آن رکن دین کز علم خود معمور دار رکنہا
یارب بگردان ہمچنین بپذیر داز من این قدر

از تو بخواہم بہر او علم و عمل تقوے[3] و ورع
سالک بگردان آنچنان چون او نباشد کس دگر

از صدق دل خواہم ز تو یارب بگردان پیش من
درسی بگوید بشنوم بینم جہانے پیش در

پندے بگویم بعد ازیں بشنو بہر بابے ز من
دُرّ لیست آخر بے بہا در گوش کن جانِ پدر

تحفہ نصائح[4] نام این کردم ز حق دارم رجا
کاندر نظر پاکان شود مقبول چون شیر و شکر

رنجے کشیدم مدّتے ہم دردہا چون دردزہ[5]
تا من بزادم این چنیں تحفہ منوّر نامور

یارب فضل و لطف خود گردان چنان این تحفہ را
جملہ جہان عاشق شود خوانند ہم شام و سحر

---

[1] پے سپر، بالکسر قدم سپر یعنی پیروی کرنے والے مرید عنا بالفتح بمعنی رنج کشک بضم اول و فتح ثانی مخفف ہے کوشک بمعنی محل ۱۲

[2] یوسف شیخ یوسف دہلوی رحمۃ اللہ علیہ خلیفہ تھے۔ شیخ نصیر الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے اور حدیث و تفسیر کے امام تھے۔ آپ نے ۷۱۲ھ میں وفات پائی۔ ۱۲ تذکرہ علماء ہند ص ۲۵۶ مصنفہ مولانا رحمان علی صاحب۔

[3] تقوی بالفتح بمعنی ڈرنا اور مشتبہ اشیاء سے پرہیز کرنا ورع حرام اشیاء سے پرہیز کرنا درسی بگوید یعنی اے اللہ! میرے فرزند کو عالم دین بنا کر میرے سامنے طلباء کو تعلیم دے اور میں اپنے کانوں سے سنوں۔ بشنوام ہے شنیدن سے یہ خطاب فرزند مذکور کو ہے یا ہر پڑھنے اور سننے والے کو ہے

[4] نصائح یہ جمع ہے نصیحت کی اور تحفہ کا معنی ہے نادر، انوکھا، بہت خوب رجاء بفتح راء اور الف کے بعد ہمزہ ہے بمعنی امید اور بغیر ہمزہ کے بمعنی کنارہ اور راء کو مکسور پڑھنا غلط ہے۔

[5] دردزہ وہ درد جو عورت کو بچہ پیدا ہوتے وقت ہوتا ہے لیکن یہاں کنایہ ہے مشقت کثیر سے ۱۲

باب اوّل
در بیان توحید خدائے تعالیٰ عزوجل گوید

گرده چو بالغ کودکے[1] فرض ست شناس حق برو
داند یکے بیشک خدا جز او نداند کس دگر
بیشک بدان حضرت خدا مثلے ندارد شبہ ہم
ہرگز نزاده کس از و نے مادر او نے پدر
او را طعام[2] و آب و زن وقتے نباشد حاجتے
خوابی[3] نہ او را غفلتے نے شہوتی بر وئے گذر
پشتے[4] نخواہد از کس و نے مشورت با کس کند
جملہ جہاں محتاجِ او او از کس نخواہد او نصر
جوہر مرکّب جسم ہم عرض و تناہی ہم مگو
نامش[5] مخوان جز آنکہ آں صاحب شرع کرده خبر
نے کل بگوئی بعض ہم رنگے نہ گوئی نے مزه
بوئی نگوئی شکل ہم نے قد و قامت نے صور
او را نگوئی در مکاں نے عرش گوئی جائے او
نے پیش و پس نے راست و چپ نی زیر گوئی نے زبر
زنده بدان حضرت خدا شنواست او بیناست ہم
اشیاء[6] شده از خواست او ہم نور و ظلمت خیر و شر
موجود کرده عالمے مختار در ایجاد ہم
عاجز نبوده ہیچگہ وقتے نگشتہ مضطر

---

[1] کودک کیونکہ انسان قبل از بلوغت احکام شرع کا مکلف نہیں ہوتا لیکن والدین کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنی اولاد کو احکام شرع پر چلنے کا حکم دیں کما قال علیہ السلام مروا صبیانکم اذا بلغوا سبعاً واضربوھم اذا بلغوا عشراً۔

[2] اللہ تعالیٰ خورد و نوش کا محتاج نہیں کیونکہ یہ ممکنات فانیہ کے خواص ہیں۔ زن قال اللہ تعالیٰ ما اتخذ اللہ صاحبۃ ولا ولداً۔ [3] خوابی قولہ تعالیٰ لا تاخذہ سنۃ ولا نوم۔

[4] پشتے مدد قولہ تعالیٰ لا یتخذ ولیاً و لا نصیراً۔

[5] نامش مسئلہ وہ نام جو کتاب و سنت اور اجماع سے ثابت نہ ہو وہ ذاتِ باری تعالیٰ کے لئے اطلاق کرنا ناجائز ہے نے کل کیونکہ کل بعض رنگ، مزه، بُو، شکل قد اور صورت یہ صفات اجسام ہیں اور اللہ تعالیٰ جسم سے منزہ ہے۔ عرش الرحمٰن علی العرش استویٰ کے دو جواب ہیں ایک یہ کہ یہ آیت متشابہات سے ہے دوسرے یہ کہ استویٰ کنایہ ہے استیلاء اور غلبہ سے۔

[6] اشیاء یہ رد ہے معتزلہ کا مضطر بضم میم و فتح طاء نقصان پہنچا ہوا اور مجازاً بمعنی بے اختیار و بے چاره کے آتا ہے جو یہاں مراد ہے۔

حادثِ[1] بدان جملہ جہاں جز حق بدان کس را قدم
جملہ صفاتش ہمچناں نے شک بدان جان پدرا

گویا بدان حضرت خدا اندر ازل بر یک سخن
آمر[2] بدان ناہی بدان صیغہ یکے جملہ خبر

حرفے ندارد صوت ہم اعراب در وے نی ہجا
دانی کلامش بیشکے از جنس خاطر ہم فکر

دیدہ[3] شود حضرت خدا از بعد جنت آخرت
بینند جملہ مومناں ہر یک بدیدہ چشم سر

بکنند فرامش ہر یکی زحمت جہان نعمت جناں
مدہوش[4] جملہ مومناں از یک تجلی در نظر

رویت نباشد در مکان نے در جہت نے متصل
کیفے ندارد ایں سخن نے درک نے مثل دگر

دیدن[5] خدا در خواب ہم باشد روا اندر شرع
محکی است از جملہ سلف صد لک[6] درین دارد اثر

[1] حادث العالم متغیر و کل متغیر حادث۔ نتیجہ نکلا العالم حادث قدم بکسر قاف بمعنی قدیم القدیم مالا یکون بوجودہ ابتداءً ولا انتہاءً۔

[2] آمر و ناہی دونوں صیغے اسم فاعل ہیں یکے یعنی مثل دیگر صفات اللہ تعالیٰ کی صفت کلام بھی واحد امر ہے اگر اس کا تعلق منہی عنہ سے ہوا تو پھر نہی ہوگی اگر اخبار سے ہوا تو خبر ہوگی۔ خلاصہ یہ ہے کہ یہ تعدد ظاہری کلام لفظی سے ہے اور کلام الٰہی تو کلام نفسی یعنی قبیلہ معانی سے ہے۔ ہجا حروف کا ادا کرنا اور کنایہ ہے الف باء تاء وغیرہ سے

[3] دیدہ قال علیہ السلام ستروں ربکم کما ترون القمر لیلۃ البدر۔ ۱۲۔

[4] مدہوش چنانچہ امام محمد علیہ الرحمۃ نے سورہ یوسف کی تفسیر میں رقم فرمایا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ مومنوں کو اپنے جلوے سے مشرف فرمائے گا تو وہ بے ہوش پڑے رہیں گے۔ ستر لاکھ سال کے بعد حوریں عرض کریں گی۔ یا اللہ! ہمارے رفیقوں کو ہماری طرف روانہ فرما۔ جب اللہ تعالیٰ اپنا جلوہ اٹھائے گا تو مومنین عرض پرداز ہونگے کہ یا باری تعالیٰ بس ایک لحظہ دیدار سے مشرف فرمایا۔ ایک لحظہ اور تو کرم فرما۔ سبحان اللہ، لاکھ سال کو ایک لحظہ شمار کریں گے (شرح تحفہ)

[5] دیدن مسئلہ خواب میں زیارت خدا سے مشرف ہونا حق ہے لیکن یہ چیز ہر کسی کو میسر نہیں ہوتی۔ صرف اولیاء اللہ کو۔ اور شرح قصیدہ امالیہ میں مرقوم ہے کہ امام اعظم رضی اللہ عنہ ایک سو مرتبہ زیارت خدا سے مشرف ہوئے ہیں۔

[6] لک بالفتح ایک لاکھ عدد اور بیوقوف کے معنی میں بھی آیا ہے۔

باب دوم
در بیان تصدیق نمودن بدل و اقرار کردن بزبان

گر انبیا ہم نامدے نے شرع بودے در جہاں
واجب[1] شدی بر مردمان ایمان بخالق مقتدر
تصدیق دل ایمان بدان این رکن اصلی بشنوی
اقرار شد اندر زبان از بہر احکام اے پسر
تصدیق[2] گر داری بدل اقرار ناری بر زبان
باشی تو مومن نزد حق کافر بہ نزدیک بشر
گر مردی اندر جبل[3] خود نشنودہ علمے از کسے
آنجا بمیرد ہمچنان یابد عذابے در سقر
ایمان بیارد چون کسے علمی نخواند معرفت
عاصی بود آن مومنے ایمان مقلد معتبر
ہرگز[4] نیاید مومنے بیرون ز ایمان ہیچگہ
گرچہ گناہان میکند از صد کبائر بیشتر
چون کافری کو میکند صد چند حسنہ[5] طاعتے
از کفر نایداو برون گرچہ کند عد[6]د المطر
شکے نیاری شبہ ہم ایمان خود جانان[7] من
بر حق بگو من مومنم ورنہ تو باشی از کفر
دوزخ نماند مومنی جاوید لیکن چند گاہ
قدرے گناہ رنجے کشد آید برون پس زان قدر
چون تو کنی عصیان پسے نیکی بکن ہم متصل
عفوت کند حضرت خدا جملہ گنہ گردد ہدر

[1] واجب یعنی بالفرض اگر انبیاء تشریف نہ لاتے تو تب بھی عاقلوں پر مطلق ایمان علی اللہ واجب ہوتا اس لئے کہ خرد مندوں کی عقل بمنزلہ مبلغ و راہبر کے ہے کیونکہ عقل مصنوعات ظاہرہ سے صانع تک پہنچا دیتی ہے قال الامام ابو حنیفۃ رضی اللہ تعالی عنہ لو لم یبعث الرسل لوجب علی العقلاء معرفۃ خالقہم مقتدر صیغہ اسم فاعل بمعنی قدرت والا۔

[2] تصدیق۔ ایمان کا رکن تصدیق قلبی ہے لیس فیہ احتمال سقوط اور اقرار لسانی نہیں کما لا یخفی اور اعمال صالحہ نہ جزء ایمان ہیں نہ شرط ۱۲۔

[3] جبل قال علیہ السلام اطلبوا العلم ولو کان بالصین ۱۲۔
سقر بفتحتین دوزخ کے ادنی طبقے کا نام ہے جہاں گنہگار مومن ہوں گے اور بفتح اول و سکون ثانی بمعنی شکرا۔

[4] ہرگز مسئلہ المعصیۃ لا تخرج العبد المومن من الایمان ۱۲۔

[5] حسنہ نیکی جمع حسنات آتی ہے۔

[6] عدد المطر، عدد بمعنی گنتی شمار ہندسہ مطر بفتحتین بمعنی بارش اور بکسر میم بمعنی تازگی۔ کیونکہ ایمان یعنی تصدیق اور کفر یعنی تکذیب امر قلبی ہیں اور امر قلبی اعمال جوارح (جو اس کے مخالف ہوں) سے مرتفع نہیں ہوتا۔

[7] جانان جان۔ محبوب پیارا۔ اس میں الف اور نون زائد ہیں جیسے جاوید ان میں

کفر بفتحتین جمع کافر متصل لاگو لاگ (ملا ہوا) ہدر لغو دور قال اللہ تعالی ان الحسنات یذہبن السیئات تفسیر حسینی میں ہے کہ جب بندہ گناہ کرتا ہے تو بائیں طرف والا فرشتہ لکھنا چاہتا ہے لیکن دائیں طرف والا فرشتہ اسے روک لیتا ہے اور کہتا ہے کہ شاید یہ بندہ توبہ کرلے یا متصل کوئی نیکی کرے اور اللہ تعالی معاف فرمادے

باب سوم ۳

در بیان عقاید و عقوبت گور گوید

در گور پرسش حق بداں بر کودکاں[۱] ہم بالغان
منکر نکیری پرسدش از وے چو غایب شد بشر
مومن کہ باشد پارسا یابد جوابے زود شاں
گویند او را خسپ تو ہمچوں عروسے شاد ور
عصاۃ[۲] بعضے مومنان گویند جواب از فضل رب
کفار را بستہ زبان دائم عذابے بیشتر
غرقہ بآبے گر شود شیری خورد یا سوختہ
او را سوالے داں یقین در گور نے ایں منحصر
در گور ضغطہ داں بحق ابرار را آساں شود
اشرار را باشد چناں چون در جوازان[۳] نیشکر
اطفال جملہ مشرکان اندر سوال از بہشت
کردہ توقف[۴] بیشکے آن شمع اُمت نامور
در گور عاصی مومنے بیند عقابے چند گاہ
کفار را در گور داں دائم عذابے بیشتر
انعام و راحت بیعدد احسان کرم در گورہا
مومن کہ باشد صالحی بیند ہمیں شام و سحر

۱ے کودکاں تثنیہ کودک (بچہ) بمعنی جمع ہے اور یہ فارسی میں کثیر الوقوع ہے۔ منکر بضم میم و فتح کاف ایک فرشتے کا نام ہے۔

فائدہ:۔ منکر نکیر ہر دو بمعنی اسم مفعول ہیں اور مشتق ہیں نکرہ (ضد معرفہ) سے بمعنی ناشناختہ متوحش۔

۲ے عصاۃ ضم عین و تخفیف صاد جمع عاصی بمعنی گنہگار اور صاد کو مشدد پڑھنا غلط ہے۔ منحصر موقوف، ضغطہ بالضم تنگی مشقت، ابرار جمع بار و بر نیک کام کرنے والے۔

۳ے جوازن بروزن خراسان بمعنی بیلنا نیشکر بمعنی گنا ؟

۴ے اطفال کافروں کے اطفال میں اختلاف ہے بعض کے نزدیک اہل جنت کے خادم ہوں گے اور بعض کے نزدیک اعراف میں ہوں گے اور امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے اس پر سکوت فرمایا ہے۔

فائدہ:۔ امام صاحب کو شمع اُمت کہنے میں اس حدیث کی طرف اشارہ ہے۔ قال علیہ السلام سیاتی من بعدی رجل یعرف و یکنی اباحنیفة وھو سراج امتی کتاب الفوائد ص ۵۳ مصنفہ شوکانی نجدی اور موضوعات میں علامہ علی قاری نے اس حدیث کو یوں نقل کیا ہے۔

قال علیہ الصلوٰۃ والسلام سیاتی من بعدی رجل یحی السنة و یمیت البدعة واسمه نعمان بن ثابت کذا فی تغییر المغنی۔

در گور باشد زندگی چوز زندگی امروز ما
کنجشک نشیند بر قبر مردہ[1] بداند مادہ نر

راحت عذابے ہر چہ ہست از نیک و بد در گورہا
دانند خلقے ہمگنان الا ہمیں جن و بشر

صورے[2] چو اوّل در دمد میرند جملہ زندگان
در صور دوم بیشکے خیزند ہر یک از قبر

صورے گرفتہ در دہاں دادہ خمی مر پشت را
یک پائی بیش و پس دگر باشد ہمیں او منتظر

اجسام عالم جملگی مجنون و عاقل کودکان
جن و شیاطین وحش ہم طیر و بہائیم در حشر

آیند حاضر جملگی ہر یک حسابے میدہند
عدلے شود بر ہمگنان ظلمی نہ بر کس نے جبر

میزاں[3] بحق داں بیشکے از بہر مومن کافران
اعمال را وزنے شود آن خیر باشد خواہ شر

نیکی گران آید اگر مصلح بدان او را ولے
مفسد شقی باشد یقین شرے گران آید اگر

پس نامہا پراں[4] شود یابند جملہ مردمان
در راست دست مومناں در دست چپ جملہ کفر

بر پشت دوزخ پل بدان خلقی رود بالای آن
از تیغ باشد تیز تر باریک دان از موئے سر

---

[1] مردہ یعنی موتی کی روح کو بدن کے ساتھ ایسا تعلق ہوتا ہے کہ وہ زائرین کو جانتے ہیں حتی کہ پرندوں کو بھی جانتے ہیں کہ ہماری قبر پر نر بیٹھا ہوا ہے یا مادہ ہمگنان بفتح اول و سکون میم و کسر کاف فارسی بمعنی ہمہ کسان یعنی تمامی لوگ۔

فائدہ:۔ جن و انس کو عذاب قبر معلوم نہ ہونے میں یہ حکمت ہے کہ جملہ حیوان یعنی جن و انس ایمان بالغیب کے مکلف ہیں۔ قبر بالفتح گور جس میں مردہ کو دفن کیا جاتا ہے۔

جبر بفتح جیم و سکون باء بمعنی زیادتی۔

[2] صور چنانچہ مروی ہے کہ اسرافیل علیہ السلام نے صور کو دائیں ران پر رکھ کر منہ میں لئے ہوئے ہیں سر آسمان کی طرف اٹھائے ہوئے حکم خداوند کے منتظر ہیں۔

فائدہ:۔ پہلے اور دوسرے صور میں چالیس سال کا وقفہ ہوگا۔ یہ عالم برزخ کہلاتا ہے۔

[3] اکثر علماء کے نزدیک میزان ایک ہے جو میکائیل کے ہاتھ میں ہے۔

قال اللہ تعالیٰ فاما من ثقلت موازینہ فھو فی عیشۃ الراضیۃ واما من خفت موازینہ فامہ ھاویۃ۔ مصلح بضم میم و سکون صاد و کسر لام بمعنی نیکی کرنیوالا ولی بمعنی دوست خدا و قریب

[4] عمل نامے۔ پراں اڑنے والے خلقی بالفتح مخلوق ۱۲ واعلم پل صراط بال سے باریک تر تلوار سے تیز رات سے زیادہ سیاہ تر پانی سے زیادہ نرم اور تیس سال کی راہ ہے دس سال بالائی راہ دس سال نشیبی راہ اور دس برابر، وہاں کا ایک سال دنیا کے ہزار سال کے برابر ہے۔

بعضے چو برقے بگذرند بعضے چو باد و راکبے[1]
بعضے چو راجل میروند بعضے چو موری ہم بتر

روشن شود ہم روئے ہا بعضے چو ماہ چاردہ[2]
بعضے سیہ باشند چناں دیجور شب زو خوبتر

آید جوارح[3] در سخن بد ہد گواہی دست و پا
جملہ جہاں حیران شود مردم ز ہوشش بیخبر

ہم حوض کوثر حق بدان اندر بہشت آن چار جوے
ز آب و شیر و شہد ہم جوئے چہارم از خمر

مخلوق دان امروز تو جنت جہنم ہر دو را[4]
ایں ہر دو را با اہل خود فانی مدان اے شہ پسر

امروز مالک میکند ہیزم بدوزخ دم بدم
ہر لحظہ رضوان گوشہ سازد ہمی از مشک تر

مومن بجنت جاودان نے مرگ بیند نے خلل
کافر بسوزد ہمچنیں دائم بآتش در سقر

مومن بقدر ذنب[5] خود بیند عذاب و بعد ازاں
آید بروں جنت رود صد کشک یا بد از گہر

مومن بدوزخ چون رود آتش[6] نگردد گرد او
نقصان نہ او را در سقر الا ہمیں خوف و خطر

دوزخ بسوزد جن پری کافر چو باشد بالیقین
در نیل جنت جنیان دان اختلافے مشتہر

نومید بودن از خدا ہم ایمنے ز و کفر دان
تصدیق کاہن کفر شد از غیب چون گوید خبر

---

[1] سوار راجل پیدل مور چیونٹی بتر دراصل بدتر تھا یعنی زیادہ بُرا۔

[2] چودھویں کا چاند دیجور بالفتح و ضم ہیم و واؤ معروف رات سیاہ۔

[3] اعضاء ہوکی بالفتح خوف اور بمعنی گیسند بھی آیا ہے۔ خمر بفتح اول و سکون ثانی شراباً طہوراً۔

[4] موجود جان مالک نام داروغہ دوزخ۔ ہیزم بفتح ہاء و ضم زاء خشک لکڑی دم بدم ہر لحظہ رضوان نام داروغہ جنت۔

[5] بفتح اول و سکون ثانی بمعنی گناہ و بفتحتین حیوان کا دم۔

فائدہ:۔ جنت کے سات درجے ہیں اور دوزخ کے بھی سات طبق نام ہر ایک شرح تحفہ میں دیکھیں ۱۲
فقیر محمد احمد سعیدی غفرلہٗ

[6] آتش بالفتح و کسر تاء آگ، گرد چار طرف نیل بالفتح بروزن سیل بمعنی پہنچنا و پالینا یعنی کافر جن پری کے دوزخ جانے میں علماء کا اتفاق اور مومن جن پری کے بہشت جانے میں اختلاف ہے۔

اللہ کی رحمت سے ناامیدی کرنا اور اس کے عذاب سے بے خوفی کرنا کفر ہے بلکہ مومن کو چاہیئے کہ وہ امید اور خوف کے درمیان میں رہے۔ کاہن نجومی۔

ہرگز نباشد اولیا چوں انبیاء در مرتبہ
نے از فرشتہ ہیچکس باشد چو ایشان اے پسر

زہاد جملہ اولیا باشند افضل از ملک
جز از خواص چار کس ہر چار ایشان نامور

جز انبیاء اولیاء زہاد و صالح مردمان
فضلے ندارد بر ملک دیگر عوامے از بشر

ہرگز نباشد ہیچکس پس انبیاء بوبکرؓ چوں
از بعد او حضرت عمرؓ ہم بعد او عثمانؓ شمر

از بعد او حیدر بدان کو بود شاہی در جہان
مسلم شوی سنی ہمی از رفض گردی پاک تر

افضل خدیجہؓ از زنان پس عائشہؓ افضل بدان
افضل ز جملہ دختران ہم فاطمہؓ زہرا شمر

سخنے نگو در حق کس از صحب احمد مصطفےٰ
سیار دانی ہر یکے نے ہمچو شان کس راہبر

گواہی بدہ کیں دہ نفر از اہل جنت بیشکے
بوبکرؓ و عثمانؓ و علیؓ دانی چہارم شہ عمرؓ

سعدؓ و سعیدؓ و طلحہؓ دان ہم بو عبیدہؓ ہمچنین
دانی زبیرؓ او شد نہم عبد الرحمانؓ نامور

میثاق را بر حق بدان ز آدم ذراری جملگی
منکر مشو تو زین سخن تا رستہ گردی در حشر

لیکن بدان کین ہم شود از خواست ایزد لم یزل
فحش و خطا و عیب ہم آنہا مدان از کس دگر

ـــہ اولیاء اللہ اگرچہ ریاضت و مجاہدہ نفس میں درجہ کمال کو پہنچے ہوتے ہوتے ہیں لیکن پیغمبر کے درجے کو نہیں پہنچ سکتے کیونکہ انبیاء گناہ صغیرہ سے قصداً اور کبیرہ سے مطلقاً معصوم ہوتے ہیں۔ زہاد بالضم و تشدید جمع زاہد بمعنی پرہیزگار مسئلہ زاہدین لوگ سوائے چار معروف فرشتوں کے سب سے افضل ہیں۔ ورسل البشر افضل من رسل الملئکۃ ورسل الملائکۃ افضل من عامۃ البشر وعامۃ البشر افضل من عامۃ الملائکۃ شرح عقائد ۱۲

ـــہ مسئلہ جیسے خلافت ہے ایسے ہی فضیلت ہے یہ فضیلت نماز و روزہ سے نہیں بلکہ قوت ایمان سے ہے (شرح عقائد)

ـــہ خدیجہ بروزن نتیجہ والدہ حضرت خاتون جنت رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ صحب جمع صاحب و اصحاب جمع الجمع ہے۔

ـــہ دہ بالفتح بمعنی دس عدد نفر بفتحتین آدمیوں کی وہ جماعت جو تین سے لیکر دس تک مشتمل ہو

ـــہ میثاق بالکسر عہد و پیمان کما قال اللہ تعالیٰ الست بربکم قالوا بلیٰ۔ ذراری بروزن فعالیل جمع ذریت بمعنی اولاد و نسل آدم علیہ السلام منکر صیغہ اسم فاعل رستہ بفتح راء بمعنی صف و قطار مجازاً رہائی یافتہ بالضم بمعنی اگاہ ہوا و حکم شدہ و بالکسر بمعنی کاتنا

تو نار و جنت عرش را کرسی و ہم لوح و قلم[1]
موجود آن مخلوق ہم فانی مدان و منکسر
در لوح مرقوم آنچہ شد زان خشک و فارغ شد قلم
جز آن نیاید ہیچگہ ہرگز نہ گردد خامہ تر
بر بادشاہان ہیچگہ بیرون میا تیغے مکش[2]
بکنند ظلمے گرچہ شان صد گونہ یا جور و جبر
غزوی بکن با باغیان زیر علم سلطان خود
باغی چو بینی شد کسے او را بکش تعجیل تر[3]
رخصت بدان اندر سفر افطار افضل صوم دان
جائز نگویم در سفر اندر نماز الا قصر
ہر چارگانہ فرض را باید کہ دوگانہ کنی،
در و تر سنت ہیچگہ ہرگز مکن قصر اے پسر
باید گزاری جمعہ را[4] پس ہر کہ باشد نیک و بد
مسحے مکن بر موزہا باشی بخانہ یا سفر
میدان شفاعت[5] بر حق است ابرار مر اشرار را
خواہند از حضرت خدا آرند بیرون از سقر
ز بہر مردہ[6] زندگان بدہند صدقہ یا دعا
گردد عذابے دور شان یابند راحت بیشتر

[1] بروزن مفعول لکھا ہوا۔ خامہ قلم و نیزہ لکھنے والا۔
[2] میامت آمکش بفتحتین نہ کھینچ جور و جبر بفتح جیم و سکون باء جور وہ ظلم جو مطلقاً مال چھین لیا۔ جبر وہ جو اکراہ کے ساتھ مال چھین لیا جائے۔ غزوی وہ جنگ با کافران جس میں نبی یا امام وقت موجود ہو تم بفتحتین جھنڈا بکش
[3] بضمتین قتل کر رخصت بالضم اجازت جو دو قسم ہے اوّل جس میں بندہ مختار ہے جیسے سفر میں روزہ رکھنا۔ دوم جس کے خلاف کرنا بدعت ہے جیسے سفر میں نماز کی اجازت۔
[4] مسئلہ یجوز الصلوٰۃ خلف کل بر و فاجر وعلی کل بر و فاجر (ای الجنازۃ) بشرطیکہ وہ ارکان و احکام نماز جانتا ہو اور متبدع بد مذہب نہ ہو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی حجاج کے پیچھے نمازیں پڑھتے تھے (جوہرہ صـ[illegible])
[5] مسئلہ شفاعت الابرار والاخیار لاھل الکبائر والاشرار حق است ۱۲۔
بکسر اول و ثالث نام خدا تعالیٰ منکسر بضم میم و فتح کاف و سین بمعنی ٹوٹا ہوا مسئلہ اہل سنت سات چیزوں کے بقا کے قائل ہیں چھ چیزیں تو مصنف علیہ الرحمۃ نے ذکر کر دیں۔ ساتویں ارواح کا ذکر بوجہ شہرت ترک کر دیا۔

[6] بدنی اور مالی عبادات کا ثواب مسلمان میت کو بخشنا جائز ہے اور پہنچتا ہے جس کا جواز قرآن و حدیث و اقوال فقہاء سے ثابت ہے اور حدیث قال علیہ السلام المیت فی القبر کالغریق المتغوث ینتظر دعوۃ تلحقہ من اب او ام او اخ او صدیق فاذا الحقتہ کان احب الیہ من الدنیا و ما فیہا وان اللہ تعالیٰ لیدخل علی اھل القبور من دعاء اھل الارض (مشکوٰۃ صـ۲۰۶) اسی سے سے فاتحہ، تیجہ، دسواں، چالیسواں جس کے بارے چند حوالہ جات ملاحظہ ہوں۔
نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے خود حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کے لئے تیسرے، ساتویں اور چالیسویں دن اور چھٹے ماہ اور سال بھر بعد صدقہ دیا۔
(انوار ساطعہ جامع الفتاوی صـ۱۴۲ وحاشیہ خزانۃ الروایات)

اشعۃ اللمعات باب زیارت قبور میں ہے. تصدق کردہ میشود از میت بعد رفتن او از عالم تا ہفت روز. اسی باب میں آگے فرماتے ہیں وبعض روایات آمدہ کہ روح میت می آید خانہ خود را شب جمعہ پس نظر میکند کہ تصدق کنند از وے یا نہ شاہ ولی اللہ کا بھی تجربہ سوا چنانچہ شاہ عبدالعزیز نے اپنے ملفوظات عزیزی میں مکتب ہے، روز سوم کثرت ہجوم مردم آن قدر بود کہ بیرون از حساب است الخ فتاوی عزیزیہ صفحہ ۴۵ میں ہے طعامیکہ ثواب آن نیاز حضرت امامین نمایندبراں قل وفاتحہ ودرود خوانند متبرک میشود اور اسی فتاوی صفحہ ۴۱ پر ہے مالیدہ وشیر برائے فاتحہ بزرگ بقصد ایصال ثواب بروح الشیان پختہ بخورانند جائز است اور حاجی امداللہ صاحب مرحوم فیصلہ ہفت مسئلہ میں فرماتے ہیں نفس ایصال ثواب ارواح اموات میں کسی کو کلام نہیں اور آگے فرماتے ہیں. گیارہویں حضرت غوث پاک دسواں بیسواں، چہلم ششماہی سالیانہ وغیرہ اور توشہ حضرت شیخ عبدالحق اور شرمی حضرت شاہ بوعلی قلندرؒ اور علاوہ شب برات و دیگر طریق ایصال ثواب کے اسی قاعدہ پر مبنی ہیں حضرت حاجی صاحبؒ کے اس کلام سے بالکل فیصلہ ہوگیا۔

مشکل چو کارے مرترا آید گہے میکن دعا[1]
مغز عبادت دان دعا دارد دعا جانان اثر
دانی قیامت را نشان دجال دیگر دابہ ہم[2]
عیسے فرود آید کشد دجال را از پشت خر

[1] قال علیہ السلام ان ربکم حیی کریم یستحی من العبد اول دفع یدیہ ان یرد صفراً ۔

[2] دجال جو لمبے قد والا اور ایک آنکھ سے کورہ ہوگا. نزد قیامت گدھے پر سوار ہوکر جزیرہ شام ویمن سے آئے گا اور چالیس دن میں حرمین طیبین کے سوا تمام روئے زمین کا گشت کریگا چالیس دن میں پہلا دن ایک سال دوسرا ایک مہینہ تیسرا ایک ہفتے کے برابر ہوگا. باقی دن چوبیس چوبیس گھنٹے کے ہوں گے اس کے ساتھ ایک باغ ہوگا اور ایک آگ ہوگی جس کا نام جنت و دوزخ رکھے گا جہاں جائے گا یہ بھی ساتھ جائیں گی اور خدائی کا دعوی کرے گا. جو تصدیق کریگا اسے جنت میں ڈالے گا اور جو انکار کرے گا اسے دوزخ میں. یہ ظاہرا تو باغ اور آگ نظر آئے گی حقیقۃً معاملہ برعکس ہوگا اور بھی کئی شعبدے دکھائے گا وہ مدینہ منورہ جانے کا ارادہ کرے گا لیکن ملائکہ اس کا منہ پھیر دیں گے البتہ مدینہ میں تین زلزلے آئیں گے جس سے کافر لوگ باہر بھاگ کر اس کے ساتھ مل جائیں گے اس کے ساتھ یہودیوں کی فوجیں ہوں گی جس کی پیشانی پر ک. ف. ر یعنی کافر لکھا ہوگا. وہ ساری دنیا سے گھومتا ہوا ملک شام میں جائے گا. اس وقت حضرت عیسی علیہ السلام آسمان سے جامع مسجد دمشق کے شرقی مینارہ پر نزول فرمائیں گے صبح کا وقت ہوگا. نماز فجر کے لئے تکبیر ہوچکی ہوگی. امام مہدی اس جماعت میں موجود ہوں گے. ان کو امامت کا حکم دیں گے. ادھر دجال خبیث حضرت عیسی علیہ السلام کے سانس کی خوشبو سے پگھلنا شروع ہوگا جیسے پانی میں نمک پگھلتا ہے وہ بھاگے گا. آپ اس کا پیچھا کریں گے اور اس کی پشت پر نیزہ مار کر فی النار کردیں گے (بہار)

[3] دابۃ الارض بھی قیامت کی نشانی ہے یہ ایک جانور ہے جو مسجد حرم سے نکلے گا اس کے ہاتھ میں عصا موسیٰ اور انگشتری سلیمان علیہ السلام ہوگی. عصا سے ہر مسلمان کی پیشانی پر ایک نورانی نشان بنائے گا اور انگوٹھی سے ہر کافر کی پیشانی پر ایک سخت سیاہ نشان اس وقت تمام کے تمام کافر و مسلم علیحدہ ہوجائیں گے یہ علامت کبھی نہ بدلے گی جو کافر ہے وہ ہرگز ایمان نہ لائے گا جو مومن ہے وہ ہمیشہ ایمان پر قائم رہے گا (بہار)

یاجوج ماجوج[1] ہم پیدا شود اندر جہان
سرہا ئے بعضے آسمان باشند و بعضے یک شبر
از سوئے مغرب شمس را باشد طلوع بے نزاع
بستہ شود در توبہ را آندر کہ باشد سر بسر
عاصی کہ باشد زود تر توبہ کند کردہ گناہ
لیکن ندامت آنزمان ہرگز نیاید کارگر
کثرت زنان اندر جہان دانی قیامت را نشان
بر اسپ[2] چون بینی زنان آید قیامت زود تر
دیگر نشانی علمہا خوانند خلقے بے عمل
ساجد بہ بینی اند کے مسجد بیابی بیشتر
مشغول بینی در بنا[3] خلقے شدہ از جان و دل
مرگے بخواہی آنزمان مردن ہمیں بہتر شمر!
محمود احمد تاج دیں مزدور بینی ہر طرف
شادی قبولا زیر کا مقطع شدہ ہم مشتہر
اہل بوادی[4] روستا چوپان شبان ہم جفتران
کفشے نہ گاہے پائے شان پگے نبودہ شان بسر
دانی قیامت را نشان ایشان چو بینی شہرہا
مشغول گشتہ در بنا ہر یک بقصر مفتخر
غسل و وضو نے کار شان نے ذکر حق اندر زبان
نے در نماز و نے دعا نے پاک تن لے شہ پسر

[1] یہ دو فرقے ہیں جو یافث بن نوح کی اولاد ہیں۔ جب دیوار سکندر جو مشرق میں ہے ٹوٹے گی۔ یہ لوگ باہر آئیں گے جو چیز سامنے آئے گی اسے کھائیں گے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بد دعا سے مر جائیں گے لیکن ان کے مرنے سے ملک میں بدبو پھیل جائے گی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ دعا فرمائیں گے آسمان سے پرندے آئیں گے انہیں مشرق کی طرف کہیں دور جا پھینکیں گے ان کے جو تیر کمان ہوں گے پانچ سال تک مخلوق اس کی لکڑیاں جلائیں گے (شرح) شبر بالکسر ایک بالشت

[2] قال النبی علیہ السلام سیاتی فی آخر الزمان نساء یرکبین علی السروج کاشباہ الرجال فانھن ملعونات ۱۲۔

[3] بکسر اول و فتح ثانی عمارت مقطع بضم میم و سکون قاف و کسر طاء بمعنی حاکم و فتح طاء بمعنی جاگیردار۔

مشتہر بضم میم و سکون شین و فتح ہاء مشہور۔

فائدہ:۔ مراد مصنف علیہ الرحمۃ محمود احمد سے اچھے نام اور شادی قبولا سے رذیل نام ہیں

[4] جمع بادیہ بمعنی جنگل روستا قریہ عطف ہے بوادی پر شبان بالفتح بکریاں چرانے والے جفتران بالضم گلہ بان۔ پگے بالفتح دستار۔

بابِ چہارم

در بیان علم و تعلیم و فضل آن میگوید

برسنگِ[1] خارا نقش دان علمیکه خوانی در صغر
برآب دان آن نقش را علمیکه خوانی در کبر

قرآن بخوان تفسیر ہم آموز خط صرف و لغت
نحو و معانی با بیان توحید ہم فقہ و خبر

علمے بخوان کان مرترا نافع بود منجی شود!
جنّت بیابی حور ہم باشد خلاصی[2] از سقر

علمے کہ خوانی بہرِ حق بیشک ترا منجی بود
نے بہرِ فتوی نے قضا نے بہر نان چیزے دگر

علمیکہ خوانی بہرِ حق دان سود خود آن علم را
علمی کہ نبود بہر حق زان علم بینی صد ضرر

گر علم خوانی بہر آن تا صدر شینی[3] مرتفع
آن علم دان چوں کسبہا ال کسب زان بہر شمر

حیلہ نیاموزی گہی منکر نگردی از حیل
از شرع بیرون پای خود ہرگز نیاری اے پسر

چوں دوست داری علم را یا عالمے متعلمے[4]
پاکیزہ گردی از گنہ گنہے کہ کردی در عمر

وقتیکہ بینی طالبے مر علم را یاری بکن
جنت بیابی از خدا کلکے[5] دہی گر منکسر

---

[1] پتھر سخت صغر و کبر بکسر اول و فتح غین در اول و فتح با، در ثانی بمعنی بچپن و بڑھاپا۔ خط یعنی علم کتابت منجی بضم میم و فتح نون و کسر جیم صیغہ اسم فاعل بمعنی نجات دلانے والا۔

[2] خلاصی بفتح رہائی۔

[3] مخفف ہے نشینی کا۔ حیل بکسر اول و فتح ثانی جمع حیلہ کی ہے و بفتحتین بمعنی قوت

فائدہ۔ حیلہ کرنے یا نہ کرنے میں کسی کا حق تلف ہونے کا اندیشہ ہو تو حیلہ کرنا مکروہ ہے اور اگر کسی کا بھی حق تلف نہیں ہوتا تو باک نہیں جائز ہے۔

[4] طالب علم قال علیہ السلام من احب العلم والعلماء لم یکتب علیہ خطیئۃ فی ایام حیواتہ یاری مدد

[5] کلک بالکسر ہر وہ شے جو اندر سے خالی ہو۔ مجازاً قلم مراد ہے قال علیہ السلام من اعان عالما او متعلما ولو بقلم مکسور وجب الجنۃ۔

گر علم خواند مردمی بکند عبادت اندکے[1]
باشد ز خاصان نزد حق وز عابدان نزدیکتر
فضلیکہ دارد عالمے[2] بر عابدان ہم زاہدان
چون فضل احمد مصطفےٰ بر کم کمینہ از بشر
با عالمان نسبت مکن[3] عابد کہ تنہا خویش را
خواہد خلاصی از خدا عالم خلاصی صد نفر
شو خاکپائے عالمان تا جائے یابی در جنان[4]
شو دور تر از جاہلان تا تو نسوزی در سقر
مقصود از علمت عمل درس و قضا مقصود نی
علمی کہ باشد بے عمل دانی کمانے بے وتر[5]
علمی چو حاصل شد ترا ترس از خدا التقوی بکن
ورنہ تو باشی دزد[6] دین ہم راہزن ہم حیلہ گر

باب پنجم
در احکام قضائے حاجت و وضو و تیمم و غسل گوید

چون تو قضا حاجت روی زودرے بکن بپائے چپ[1]
ہم سوئے قبلہ رو مکن ہم پشت نارائے نامور
چون بول و غائط مر ترا زحمت دہد در حال کن
گر تو بداری ساعتی صد رنج بینی صد ضرر[2]

---

[1] قال علیہ السلام قلیل العلم مع العمل خیر من الکثیر العلم مع الجہل ۱۲
[2] قال علیہ السلام فضل العالم علی العابد کفضلی علی ادناکم ۱۲
[3] یعنی عالم کو عابد پر قیاس نہ کر۔
[4] قال علیہ السلام یبعث المرء مع من احب۔
[5] وتر بفتحتین بمعنی زہ کمان قال علیہ السلام العلم بلا عمل کقوس بلا وتر ۱۲۔
[6] دزد بالضم چور راہزن، ڈاکو قال علیہ السلام العلماء امناء الرسل مالم یخالطوا السلاطین والامراء فاذا خالطوھم فانھم سراق الدین وقطاع الطریق ۱۲۔
فقیر محمد احمد سعیدی غفر لہٗ

---

[1] چپ بائیں طرف مسئلہ قضاء حاجت کے وقت یہ چیزیں نہ کرنی چاہئیں دست بازی[۱] زمین پر لکیریں کھینچنا۔ امور آخرت[۲] وعلم پر فکر کرنا۔ چند جگہ پیشاب نہ کرنا چاہیے۔ راستے[۱] پر نہر کے کنارے، پھل دار[۳] درخت کے نیچے۔ وہ درخت[۴] جہاں لوگ سایہ میں آرام کرتے ہوں۔ قبرستان[۵] میں۔ سوراخ[۶] میں۔ چنانچہ ایک آدمی نے سوراخ میں پیشاب کیا تو اس سے ایک جن نکلا اور اس کو ہلاک کر دیا (حاشیہ طحطاوی صفحہ ۳۰) پانی کھڑے[۷] ہوتے یا چلتے میں۔ جوتے[۸] میں۔ خاکستر میں۔ مسئلہ۔ بیت الخلاء میں سر سے ننگا نہ جائے۔

فائدہ:۔ مخرج کو صاف کرنے کا نام استنجاء اور ذکر سے صاف کرنے کا نام استبراء ہے۔

[2] بالفتح و بالضم بمعنی نقصان۔ مسئلہ روزے دار کو استنجاء کرنے کے بعد مخرج یعنی مقعد کو صاف کر لینا چاہیئے۔
مسئلہ۔ ازار بند بائیں ہاتھ سے کھولنا چاہیئے۔

چون در قدم جا[1] میروی اوّل بنه هم پای چپ
گر با تو باشد کاغذے آن دور کن با خود مبر

دائم تو باشی با وضو جامه نداری ریم گین
چون تو شوی هم بیوضو در حال کن تعجیل تر

وقتیکه گردی بیوضو نظری مکن بر مصحفے[2]
نظرے مکن در آسمان سیاره نی شمس و قمر

نی سوئے کعبه کن نظر نے سوئے روی عالمان
نی ذکر گوئی نی سبق نی روئے مادر نے پدر

نی رد سلامی هم کنی نے اندر آئی مسجدے
نی خواب بکنی نے خوری تجهیز[3] میت هم سفر

این جملگی آداب دان اجرے بیابی از خدا
بکنی تیمم یا وضو آنکه عبادت اے پسر

مصحف نگیری بی وضو مسجد نیائی هم جنب[4]
بزه گار گردی مبتلا هم فاقه بینی هم فقر

آب منی ظاهر چو شد با دفق[5] و شهوت جا من
یا حشفه غائب چون شود اندر فرجے یا دبر

انزال باشد خواه نے فرضی بدانی غسل را
وطی بهائم مرده هم انزال آنجا معتبر

چون از نفاس و حیض هم پاکی به بیند عورتے
پاکیزه بکند غسل او این غسل را فرضی شمر

سنت بدان غسل جمعه در عید هر دو عرفه[6] هم
بر مرده هم واجب شده غسلی بده پاکیزه تر

---

[1] مسجد میں داخل ہونے کے وقت اور تمام اعمال میں اس کے برعکس عمل کرے۔ قدم جا: بیت الخلاء، ریمگین ناپاک و بدبودار۔

[2] بضم میم وسکون صاد و فتح حا، وہ چیز جس میں صحیفے و رسائل جمع ہوں اسی نسبت سے قرآن مجید یہاں مراد ہے۔

[3] بروزن تجویز میت و عروس کے لئے اسباب تیار کرنا۔ یہاں مراد کفن دفن و غسل میت ہے۔ آداب مستحباب۔

[4] بفتحتین مرد بے غسل و بفتح اوّل و سکون ثانی بمعنی پہلو و کنارہ۔ بزہ بفتحتین بمعنی گناہ و بضم اوّل میوہ خوشبودار۔
مسئلہ: مسجد میں جنب والے کا آنا مکروہ ہے۔ مگر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے لئے شرط نہ تھی۔ (فتاویٰ عالمگیری حجۃ اللہ علی العالمین) ۱۲
(فقیر محمد احمد سعیدی غفرلہٗ)

[5] دفق بالفتح بمعنی منی کا ٹپکنا۔ دبر: پشت و پیچھا، ہر شئی کا مجازاً مقعد جو یہاں مراد ہے۔ نفاس: وہ خون جو بچہ پیدا ہونے کے بعد عورت کو آتا ہے۔ حیض: وہ خون جو ہر ماہ عورت کو آتا ہے۔

[6] بفتحات ثلثہ یوم نہم ذوالحج۔ مسئلہ: جمعہ و عیدین نانویں ذوالحج کا غسل سنت ہے۔ مسئلہ: میت کو غسل دینا اہل اسلام پر واجب ہے۔

چون پیش آید حاجتی[1] از جان و دل غسلی بکن
مسلم چو گردد کافرے وان غسل آن ہم دوستر
ہر عضو را میشو بگو کلمہ شہادت بارہا
بیشک شوی پاک از گنہ جنت درآئی در حشر
مسواک را در ہر وضو دائم[2] بکن در صوم ہم
خوشبو بکن تو جامہ ہم گردی معطر در بشر
در ریش و سبلت[3] شانہ کن یابی امان از دام غم
در سینہ گردان شانہ را ابرو بکن ہم فرق سر
یکساں تیمم ہر دو را محدث بود خواہی جنب
چون تو نیابی آب را یا سرد باشد یا خطر
از جنس ارضی ہرچہ ہست از خاک ریگ و سرگچ
سازی تیمم در نقع گر خاک باشد خوبتر
در غسل کردن ہم وضو سخنے مگو با ہیچکس
فارغ شوی چون از وضو میخوان ہمی سورہ قدر
پیش از سخن بگزار چون از حق بخواہی حاجتی
گردد روا آن حاجتت فی الحال یابی زود تر

[1] نماز حاجت یہ ہے کہ در شب جمعہ غسل کردہ دو رکعت نماز نفل برائے حاجت ادا کرے۔ اوّل رکعت میں سورہ کافرون دس بار ثانی میں اخلاص دس بار بعد سلام سر سجدے میں رکھکر دس بار ربنا اتنا فی الدنیا حسنۃ الخ دس بار سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر دس بار یا غیاث المستغیثین اور دعا مانگے۔ انشاء اللہ جو حاجت ہوگی بر آئے گی۔

[2] دائم سے مراد عموم احوال ہے۔
مسئلہ: مسواک چھنگلیا انگلی کے برابر موٹا ہو اور ایک بالشت لمبا اس سے کم بھی جائز ہے مگر زیادہ نہ ہو کہ وہ مرکب شیطان ہے۔ اگر مسواک نہ ہو تو سبابہ و ابہام اس کے قائم مقام ہے

[3] سبلت بفتحات ثلثہ موئے لب فرق بالفتح مانگ سر محدث بضم میم و سکون حا و فتح دال بے وضو نقع گرد و غبار
مسئلہ۔ وضو میں یہ دعائیں پڑھنا مستحب ہیں کلی کے وقت اللھم اعنی علی تلاوۃ القرآن و ذکرک و شکرک و حسن عبادتک اور ناک میں پانی ڈالتے وقت اللھم ارحنی رائحۃ الجنۃ ولا ترحنی رائحۃ النار اور منہ دھوتے وقت اللھم بیض وجھی یوم تبیض وجوہ وتسود وجوہ اور داہنا ہاتھ دھوتے وقت اللھم اعطنی کتابی بیمینی وحاسبنی حسابا یسیرا اور بایاں ہاتھ دھوتے وقت اللھم لا تعطنی کتابی بشمالی ولا من وراء ظہری سر کا مسح کرتے وقت اللھم اظلنی تحت عرشک یوم لا ظل الا ظل عرشک کانوں کا مسح کرتے وقت اللھم اجعلنی من الذین یستمعون القول فیتبعون احسنہ اور گردن کا مسح کرتے وقت اللھم اعتق رقبتی من النار اور داہنا پاؤں دھوتے وقت اللھم ثبت قدمی علی صراطک المستقیم یوم تزل الاقدام اور بایاں پاؤں دھوتے وقت اللھم اجعل ذنبی مغفورا وسعی مشکورا وتجارتی لن تبورا الخ۔ بعد ختم وضو آسمان کی طرف منہ اٹھا کر کلمہ شہادت پڑھے پھر یہ کہے اللھم اجعلنی من التوابین واجعلنی من المتطہرین۔ مسئلہ۔ ہر عضو دھوکر ہاتھ پھیر لینا چاہیئے تاکہ بوندیں نہ ٹپکیں۔ قطروں کا مسجد میں ٹپکنا وغیرہ مکروہ تحریمی ہے

باب ششم ۶

دربیان نماز واحکام او میگوید

داری بپا اوقات را در ترک آن ملعون شوی
تارک مصر[1] کافر بدان هم جای او دوزخ شمر

چون تو کنی دو وقت را یکجا جمع در روز و شب
محبوس مانی یک حقب[2] اندر جهنم هم سقر

چون تو گزاری فجر را سخنے مگو با هیچ کس!
تا در طلوع میخوان دعا گردی تو شخصی معتبر

گردی بدوزخ سوخته آنجا بمانی سالها
چون تو کنی ترک جمعه[3] خمس جماعت اے پسر

چون بشنوی بانگ اذان ساکت شوی سخنی مگو
مشغول هر کاری مشو میکن اجابت[4] نامور

ترک اجابت چون کنی یا خود سخنگوئی در آن
آید بلاها پیش تو در هر زمان تعجیل تر

بر پای داری چاشت را اشراق هم ناغه مکن
گردی تونگر بیشکے یابی بسے از مال و زر

وقت تهجد نیم شب بگذار تو از صدق دل
حق را ببینی بیشکے ایمن شوی از شور و شر

---

[1] قائم مُصِر بضم میم وکسر صاد مشدد بمعنی اصرار کرنے والا (انکار کرنے والا) محبوس بروزن مفعول بمعنی بند و قید۔

[2] بضم حا و بفتحتین ۸۰ سال اور ایک دن وہاں کا دنیا کے ہزار سال برابر کا ہوگا۔ مسئلہ: جمع بین الوقتین فعلاً جائز اور وقتاً سوی عرفات و مزدلفہ کے ناجائز۔

[3] قال علیہ السلام لا یترک الجماعة الا المنافق قال علیہ السلام من صلی خمس اوقات فی الجماعة اعطاہ اللہ اجر الف شہید ۱۲۔

[4] مسئلہ: جب اذان سنے تو جواب دینے کا حکم ہے یعنی مؤذن جو کلمے کہے اس کے بعد سننے والا بھی وہی کلمے کہے مگر حیّ علی الصلوٰة و حیّ علی الفلاح کے جواب میں لاحول ولا قوة الا باللہ کہے۔ الصلوٰة خیر من النوم کے جواب میں صدقت و بررت و بالحق نطقت کہے۔ مسئلہ: جب اذان ہو تو اتنی دیر کے لئے سلام کلام اور جواب سلام تمام اشغال موقوف کر دے۔ یہاں تک کہ قرآن مجید کی تلاوت بھی موقوف کر دے اور اذان کو غور سے سنے اور جواب دے۔ یوں ہی اقامت میں۔ مسئلہ: جو اذان کے وقت باتوں میں مشغول رہے۔ اس پر معاذاللہ خاتمہ برا ہونے کا خوف ہے (فتویٰ رضویہ) مسئلہ: مؤذن جب اشهد ان محمد رسول اللہ کہے تو سننے والا درود شریف پڑھے اور مستحب ہے کہ انگوٹھوں کو بوسہ دیکر آنکھوں سے لگائے اور کہے قرة عینی بک یا رسول اللہ اللهم متعنی بالسمع و البصر (ردالمحتار شامیؒ) قال علیہ السلام من سمع اسمی فی الاذان ووضع ابهامیہ علی عینیہ فانا طالبہ فی صفوف القیامة وقائدہ الی الجنة جوہر جلالی موضوعات کبیر وکذا فی الترغیب ۱۲

نعمت بیابی بیکراں[1] گر تو بخیزی آن زمان
آنوقت وقت خاصگان ہرگز نیابی جز سحر
چون تو گزاری وتر را سخنے مگو با ہیچ کس
فارغ چو گردی از عشا[2] بستر بیاری پشت سر
چون تو بخواہی دوستی با حق کنی باید کہ تو
مشغول باشی صبحدم سازی وضو وقت سحر
از فرض چون فارغ شوی غفران[3] بخواہی بعد ازان
تا چون نماز مصطفٰے گردد نمازت نامور
چون از نماز آئی برون فی الحال تو کرسی بخوان
مشتاق تو گردد جنان ہم حور یابی ہم قصر
حاضر شوی چون بشنوی مردہ کسی از اہل دیں
حاضر شدن یابی جزا در ترک بینی صد ضرر
برپائے داری جمعہ را ترکش نداری ہیچگہ
باشد امیری ظالمی باغی بود یا دادگر
میگو اذان اوقات را ضائع مکن اے جان من
یابی جزا بے حد و عد[4] اینجا نگیری مزد اگر
مزدے مگیر امروز تو فردا جزا ضائع مکن
باشد امامت یا اذان تعلیم یا چیزے دگر

[1] بے کراں بے انتہا سحر بالکسر بمعنی جادو و بفتحتین وقت آخر شب چنانچہ شیخ شہاب الدین سہروردی کے اوراد میں ہے اگر کوئی آدمی تہجد گزار ہو تو وہ جنت میں میرا ساتھی ہوگا اور دنیا میں کبھی محتاج نہ ہوگا ملخصاً من شرح تحفہ۔

[2] عشاء ہمزہ کے ساتھ بکسر اول وقت نماز عشاء و بالفتح وہ کھانا جو رات کے وقت کھایا جائے و بفتح اول بلا ہمزہ بمعنی شبکوری مسئلہ۔ عشاء سے پہلے سونا مکروہ ہے لیکن نمازی کے لئے استراحۃ اجازت ہے خاص کر رمضان المبارک میں۔

[3] غفران بالضم بخشش قال علیہ السلام من قرء آیۃ الکرسی دبر کل صلوٰۃ مکتوبۃ لم یمنعہ من دخول الجنۃ الا الموت۔ مشتاق خواہشمند۔ مسئلہ فرض عین ہو یا کفایہ مطلقاً ہر فرض نماز کے بعد دعا مانگنا سنت ہے دیکھو صلوٰۃ مسعودی و ترغیب میں ام المومنین رضی اللہ عنہا سے مروی کہ نبی پاک فرضوں کے بعد جن کے بعد سنتیں ہیں بس اتنی دیر فرماتے کہ یہ دعا مانگتے اللھم انت السلام و منک السلام الخ اور ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ بعد ہر نماز دعا کے لئے ہاتھ اٹھانا امام و قوم اور منفرد کے واسطے سنت ہے کما قال علیہ السلام اذا فرغ العبد من صلوٰتہ ولم یشتغل بدعاء فخذ وا صلوتہ و اضربوا علی وجھہا (شرح کیدی)

[4] بے حد و عد بے شمار۔ مزد بالضم میم بمعنی اجرت و مزدوری۔ مسئلہ متقدمین کے نزدیک مؤذن امام و معلم کے لئے اجرت لینا جائز نہیں۔ لیکن بعض متاخرین کے نزدیک کما فی زمانناً جائز ہے وعلیہ الفتوٰی (کمافی درالمختار) اگر اس پر فتویٰ نہ ہو تو بہت مسجدیں اور درسگاہیں ویران ہو جائیں گی ۱۲۔ فقیر محمد احمد سعیدی غفرلہ

باب ہفتم

دربیان زکوٰة و صدقات و مثل آن

چون مال یابی از خدا خواہی کہ ماند سالہا (بہت سال)
ربعی[1] بدہ از عشر او آن را کہ بینی مفتقر (چالیسواں)
دو صد درم شرعی چو شد سالی بماند دست تو
فاضل بود از حاجتت داین نباشد پیش در (آگے تیرے)
مثقال عشرین از ذہب نیمی[2] بدہ مثقال را
پنجے ازاں دو صد درم یابی خلاصی از سقر
پیرایہ (زیور) باشد چون ترا زان ہم زکوٰتے فرض دان
تا بر تو ماند سالہا (تاکہ رہے تیرے پاس بہت) یا بد ز تو بنت و پسر
اسپ و خری[3] سودا کنی در ہر سرے دینار دہ
از گاؤ چون سے سر شود اغنام جملہ چہل سر
از گاؤ دہ یکسالہ را وز چل غنم دہ یک سرے
پنجے چو یابی از شتر یک گوسفند از مادہ نر

دربیان زکوٰة زراعت و صدقہ و دعا

از غلہ ہا عشری[4] بدہ چون تو زراعت میکنی
ورنہ شوی بزہ گار (گنہگار) ہم برکت نیابی در ثمر

[1] ربع بضم را، و عین دسویں میں سے چوتھا حصہ یعنی چالیسواں حصہ یہ نقود کی زکواة ہے۔ مفتقر بضم میم وکسر قاف یعنی محتاج۔ مسئلہ۔ مصرف زکواة، صدقہ، نطرانہ کفارات و منت چند کس ہیں۔ اول فقیر وہ ہے جو نصاب سے کم مال کا مالک ہو اگرچہ صحیح و تندرست ہو۔ دوم مسکین جو کسی چیز کا مالک نہ ہو۔ یہ تھا فقیر اور مسکین میں فرق سوم، حامل صدقہ، چہارم مکاتب، پنجم مدیون، ششم منقطع غزات، ہفتم مسافر اگرچہ وطن میں مال کثیر رکھتا ہو۔ مسئلہ، سونے کی نصاب بیس مثقال یعنی ساڑھے سات تولے ہے اور چاندی کی دو سو درم یعنی ساڑھے باون تولے۔ وہ تولہ جس کا ہمارے ملک کا روپیہ سوا گیارہ ماشہ ہے۔

[2] نیم مثقال یعنی دو ماشہ سونے میں اور پانچ درم یعنی ایک تولہ ۳ ماشہ ۶۔ رتی چاندی میں زکواة ہے۔ مسئلہ۔ سونے میں ساڑھے سات تولے کے بعد ایک تولہ ۶ ماشہ پر ۲/۳ ۵ رتی اور چاندی میں ساڑھے باون تولے کے بعد ہر ۱۰ تولہ ۶ ماشہ پر ۳ ماشہ ۱/۵ رتی زکواة بڑھائیں گے۔

[3] خری۔ مخفف خریدی کا بیائے خطاب جب تو خریدے سودا تجارت۔ بستے تمیز۔ اغنام جمع غنم یعنی بکری یا بھیڑ۔

[4] عشری دسواں حصہ۔ مزکی صیغہ اسم مفعول وہ مال جس کی زکواة ادا ہو چکی ہو جیسا کہ حدیث میں ہے حصنوا اموالکم بزکوة۔ بالع صیغہ اسم فاعل یعنی روکنے والا چنانچہ صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ایک جوان سے گزرے وہ نماز اچھے طریقے سے ادا کر رہا تھا عرض کی یا اللہ! یہ آدمی نماز اچھی طرح ادا کرتا ہے۔ خطاب آیا اے موسیٰ قسم ہے مجھے اپنی عزت وجلال کی اگر یہ یک صد سال نماز پڑھے اور یک صد سال حج پیدل کرے مگر زکواة ادا نہ کرے تو اسے کچھ فائدہ نہ دیں گے۔

مالِ مزکّی بیشکے ہم با تو ماند ہم ولد
آتش نگردد گرد او غرقہ نگردد در بحر
چون تو زکوٰۃ را مانع شوی صلوٰت را آری بجا
قصری نیابی در جنان افتادہ باشی پیش در
صدقہ بدہ از مالِ خود وز خاص مالِ خویشتن
میتان تو صدقہ از کسی باشد زکوٰۃ و یا نذر
ناوجہ[1] بدہی صدقہ را داری ازان طمع جزا
آثم شوی دوزخ روی از خوردن آن تبر
درویش گوید چون دعا دادند یقین ناوجہ را
آثم شود او زین دعا ملعون شود ہم خاکسر[2]
گر تو برانی بر زبان ناوجہ خوردن تسمیہ
کافر[3] شوی دوزخ روی اینحکم در خانی نگر
گر خفیہ بدہی صدقہ را ایمن[4] شوی از خشمِ حق
چون نوح گردد عمر تو دہ چند یابی مال و زر
صدقہ[5] بدہ از بہر حق نے بہر نامے نے ریا
چون تو ریا صدقہ دہی ذرہ نیابی در حشر
صدقہ دہی درویش را ایذا[6] مکن منت منہ
در زیر نہ تو دست خود تا دست او گردد زبر
گندم بدہ تو نیم صاع خرما بدہ اضعاف آن
در فطر این واجب شدہ اضحیٰ بکش شاۃ و بقر
گاؤ شتر از ہفت کس شاتی بکش از یک نفر
بر پل چو فردا بگذری چون برق لامع میگذر

---

[1] ناوجہ مال حرام آثم بکسر ثاء بمعنی گنہگار
[2] خاکسر بمعنی ذلیل و خوار
[3] کافر شوی تشدیداً و تغلیظاً کہا گیا ہے مسئلہ۔ حرام مال کھانے کے وقت بسم اللہ پڑھنا ناجائز ہے بلکہ خوف کفر ہے۔
[4] بکسر الف و میم بمعنی بےغم، خشم بالفتح بمعنی غصہ۔

فائدہ:۔ حضرت نوح علیہ السلام کی عمر ایک ہزار پانچ سو سال تھی۔ اعلیٰ حضرت نے تقریباً سولہ سو سال لکھا ہے۔ (ملفوظات ص۱۱۲)

[5] قال علیہ السلام یقال للمرائی التمس الاجر ممن کنت تعمل لہٗ۔
مسئلہ۔ قیامت کے دن ریاکار کو یا کافر یا فاجر یا غادر یا خاسر کے الفاظ سے پکارا جائے گا۔

[6] قال اللہ تعالیٰ ولا تبطلوا صدقاتکم بالمن والاذی۔ فقیر کو ایذا دینا تین وجہ سے ہوتا ہے ۱۔ فقیر کو فوقیت کے ساتھ ۲۔ یا کمینی کے ساتھ یاد کرنا ۳۔ اس سے سخت کلام کرنا۔ منت کی بھی تین وجوہ ہیں ۱۔ دی ہوئی چیز کو یاد کرنا۔ ۲۔ فقیر سے اپنی تعظیم کروانا۔ ۳۔ اپنے دیئے ہوئے پر تکبر کرنا۔
مسئلہ:۔ صدقہ دیتے وقت اپنا ہاتھ فقیر کے ہاتھ سے نیچے کرنا چاہیئے۔ دستِ فقیر کو یہ فضیلت حدیث سے ثابت ہے۔ قال علیہ السلام الصدقۃ تقع فی ید الرحمن قبل ان تقع فی ید السائل۔
خرما کھجور، اضعاف۔ بالفتح دوگنا۔ اضحیٰ عید قربانی، شاۃ بکری۔ بقر گائے بھینس
لامع روشن۔

چوں پیش آید حاجتی باز حمتے صدقہ بدہ
صحت شود حاجت روا زحمت رود بیرون در
چوں صدقہ خواہی تادہی اول بدہ ارحامؔ[1] را
درویش را ہرگز مدہ ایشان چو بینی مفتقر
صدقہ بگرداند بلا خشم خدا نشاندؔ[2] فرو
ہرگز نیاید نزد تو آفت بلا خوف و خطر

باب ہشتم
دربیان روزہ ماہ رمضان[3]

روزہ بکن نیت زدل رمضان چو بینی[4] ماہ را
غیبت مکن فحشی مگو از لاغ و بازی کن حذر
با آب کن افطار تو چوں گرم بینی از ہوا
افطار با خرما بکن بینی ہوا چوں سرد تر
افطار چوں خواہی کنی از حق بخواہی آن زمان
از ہر مہمے[5] کان ترا دشوار باشد اے پسر!
روزہ بداری[6] بہر حق نے بہر نام و نے ریا
نانیکہ میخوردی بشب افطار کن ہم زانقدر
گہہ گہہ بداری نفل را مفطر نباشی دائماً
ہم بیض[7] را داری بپا باشی بخانہ یا سفر

---

[1] ارحام قریبی رشتہ دار۔

[2] مخفف نشاند بمعنی بٹھانا فرو نیچے۔ قال علیہ السلام الصدقۃ تردّ البلاء ۱۲

فائدہ:۔ اعلیٰ درجہ کی تحقیق واحتیاط یہ ہے کہ صاع کا وزن تین سو اکیاون روپے بھر ہے اور نصف صاع ایک سو پچھتر روپے اٹھنی بھر اوپر ایک روپیہ رائج ما تقدم زمانہ کا وزن سوا گیارہ ماشہ ہے۔ ۱۲ (بہار)

[3] بفتحات ثلثہ مشتق ہے رمض سے بمعنی جلنا کیونکہ یہ ماہ گناہوں کو جلاتا ہے اس وجہ سے موسوم ہوا۔

[4] قال علیہ السلام صوموا الرویتہ وافطروا الرویتہ۔ غیبت بالکسر کسی کا پس پشت عیب کہنا۔ با آب عن انس رضی اللہ عنہ قال کان النبی علیہ السلام یفطر قبل ان یصلی علی رطبات فان لم یکن رطبات فتمرات فان لم یکن فمن ماء ۱۲۔ رواہ ترمذی

[5] بالفتح وتشدید میم بمعنی غم مجازاً مشکل کام کو کہتے ہیں کیونکہ وہ طبیعت کو اندوہ میں ڈال دیتا ہے۔

[6] حدیث قدسی الصوم لی وانا اجزی بہ۔ بشب یعنی روزوں میں عادت قدیم سے زیادہ نہ کھائے کیونکہ روزے سے مقصد ہے قہر نفس اور زیادہ کھانے میں اس کو آرام ملتا ہے۔ مفطر بضم میم وکسر طاء صیغہ اسم فاعل بمعنی افطار کرنے والا۔

[7] ایام بیض تین ہیں ۱۳۔ ۱۴۔ ۱۵ ان کو ایام بیض اس لئے کہتے ہیں کہ بیض بمعنی سفید و روشن کیونکہ ان ایام میں راتیں روشن ہوتی ہیں اسی طرح تین دن محرم کے قال علیہ السلام من صام ثلثۃ ایام من شہر المحرم الخمیس والجمعۃ والسبت کتب اللہ لہ عبادۃ سبعمائۃ عام ۱۲

تانیکه میخوردی بچاشت آنرا مخور درویش ده
گر تو نگہداری ازان چندان نیابی ازامر ثواب
روزه بداری در رجب اوّل میانہ آخرش
ترویه داری روزه ہم عرفه بداری اے پسر
روزه خمیس و ہم جمعه شش روز از شوال ہم[2]
صائم شوی در ہر دو ماه از بہر حق روز قمر
میر یکه باشد لشکری دائم بگردد روز و شب
از نفل دار در روزه گر افطار باشد خوبتر
صائم چو برگ[3] شب خورے زان رنگ ماند در دہن
مکروه باشد ایچنین بل خوف باشد از فطر
دائم بخور طعمے سحر ترکے نگیری ہیچگه
ہرگز نه پرسد حق ترا از طعم فطر و ہم سحر
روزه بدان اسرار[3] حق با کس مگو آن راز را
روزه چنان پنہان بکن نی زن بداند نی پسر
فردا[4] چو حق اعمال را بدہد بخصمان ہر یکے
طاعت که باشد جملگی دشمن برد روزه مگر
وقتی در آئی مسجدے باید در آئی معتکف[5]
رمضان چون آخر عشر شد شو معتکف یابی قدر[6]

[1] بمعنی تفکر و اندیشه مراد ساتویں ذوالحجہ ہے وجہ تسمیہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسی دن سوچا تھا کہ یہ خواب سچا ہے یا نہ۔ عرفہ نانویں ذوالحج بمعنی معرفت و پہچان اس کی۔ وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اسی دن حضرت ابراہیم علیہ السلام نے توجہ فرمائی کہ یہ خواب بالہام حق تعالیٰ سے ہے۔ قال علیه السلام من صام یوم الترویة فکانما عبد الله عشرین الف سنة۔

[2] قال علیه السلام من صام رمضان ثم اتبعه بستة ایام من شوال حرم الله جده من النار وکانما صام الدہر کله ورفع عنه رب العزة شدة اہوال القیمة ۱۲۔ صیام شوال کو امام مالک نے جو بوجہ تشبیہ اہل کتاب مکروہ فرمایا ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ وہ فاصلہ کئے بغیر چالیس پورے کرتے ہیں، ہم اہل سنت عید کا فاصلہ کرکے چھ بعد میں رکھتے ہیں۔ ۱۲۔
فقیر محمد احمد سعیدی غفرلہٗ

[3] پان یعنی رات کو پان کھانا مکروہ ہے نیز پان کی سرخی کے باقی رہنے سے فساد صوم کا خطرہ ہے۔ سَحَر بفتحتین وقت آخر شب قال علیه السلام تسحروا فان فی السحور برکة فی قوت النفس وبرکة فی الثواب۔ طُعم بالضم طعام و بالفتح مزہ و لذت۔

[3] حدیث قدسی الصوم سر بینی وبین عبدی ۱۲۔

[4] یعنی کل حشر میں جب اعمال مظالم کے بدلے خصم کو دیئے جائیں گے مگر روزے کا ثواب باقی رہ جائے گا۔

